# نیویارک سٹی میں ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کرنا



## نیو یارک کے تارکین وطن باشندوں کے لیے اکثر پوچھے گئے سوالات

نیو یارک کے ہر باشندے کو ان کی ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کی اہلیت سے قطع نظر معیاری نگہداشت صحت کا حق حاصل ہے۔ اپنا اور اپنے خاندان کا خیال رکھیں، اور نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کریں جن کی آپ کو ضرورت ہے۔ سٹی کی بہت سی خدمات، بشمول نگہداشت صحت اور سماجی خدمات، نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے ان کی ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر دستیاب ہیں۔

## نگہداشت صحت کی خدمات

**میں نیویارک سٹی (NYC) میں کم لاگت صحت کی نگہداشت صحت کی خدمات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟**
آپ اپنے قریبی NYC Health + Hospitals (H+H) کے مقام پر یا **nychealthandhospitals.org** پر جا کر یا 844-692-4692 یا **311** پر کال کر کے کم لاگت والی نگہداشت صحت کی خدمات تلاش کر سکتے ہیں، یا آپ **findahealthcenter.hrsa.gov** پر جا کر اپنا مقامی کمیونٹی ہیلتھ سنٹر تلاش کر سکتے ہیں۔

## صحت بیمہ

**میں کن صحت بیمہ پلانز کے لیے سائن اپ کر سکتا ہوں؟**
نیویارک کے تارکین وطن باشندوں کے پاس صحت بیمہ کے بہت سے آپشنز ہیں۔ 18 سال اور اس سے کم عمر کے بچے اور حاملہ افراد جو نیو یارک اسٹیٹ میں رہتے ہیں وہ اپنی ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر صحت بیمہ حاصل کر سکتے ہیں۔ NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت کے پاس تصدیق شدہ ایپلیکیشن کونسلرز ہیں جو آپ کو یہ معلوم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں کہ آیا آپ اہل ہیں اور صحت بیمہ کے لیے سائن اپ کیسے کیا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/health/healthcoverage** ملاحظہ کریں۔

اگر آپ NYC H+H کے مقام پر جا رہے ہیں تو صحت بیمہ حاصل کرنے میں آپ کی مدد کے لیے مالیاتی مشیر کے لیے کہیں۔ آپ کو اپنی پسند کی زبان میں خدمات حاصل کرنے کا حق ہے، بشمول تحریری ترجمہ اور ذاتی طور پر یا ٹیلی فون پر تشریح۔

آپ کو پبلک بینیفٹس استعمال کرنے کا حق بھی حاصل ہے جیسے کہ رہائشی طویل مدتی نگہداشت کی سہولت گاہ سے باہر حکومت کی طرف سے ادا کردہ نگہداشت صحت، اس سے آپ کی ترک وطن کی حیثیت یا درخواست پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اگر آپ کے ترک وطن سے متعلق قانونی سوالات ہیں تو بروقت اور بھروسہ مند معلومات حاصل کرنے اور سٹی کی فنڈ کردہ ترک وطن سے متعلق مفت اور محفوظ قانونی مدد سے رابطے کے لیے NYC کی ترک وطن سے متعلق قانونی خدمات کی ہاٹ لائن 800-354-0365 پر پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے سے رات 6 بجے کے درمیان کال کریں۔ ہاٹ لائن مفت اور گمنام ہے اور مدد 200 سے زیادہ زبانوں میں دستیاب ہے۔

NYC
Mayor's Office of Immigrant Affairs

NYC
Health

NYC HEALTH+ HOSPITALS

## NYC Care

**میں صحت بیمہ کے لیے اہل نہیں ہوں۔ میں نگہداشت صحت کی خدمات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟**
NYC Care ایک ایسا پروگرام ہے جو نیویارک کے ان باشندوں کو کم لاگت اور بغیر لاگت والی خدمات فراہم کرتا ہے جو اپنی ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کرنے کی اہلیت کی وجہ سے صحت بیمہ تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے۔ NYC Care صحت پلان نہیں ہے۔ تاہم، اگر آپ کے پاس NYC Care ہے تو آپ جامع نگہداشت صحت کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ایک ممبرشپ کارڈ حاصل کر سکتے ہیں، اپنے بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ کا انتخاب کر سکتے ہیں اور کم لاگت پر دوا حاصل کر سکتے ہیں۔ تمام NYC Care خدمات پانچ بوروز کے ہر NYC H+H مریض کی نگہداشت کے مقام پر دستیاب ہیں، بشمول 11 ہسپتال اور درجنوں کمیونٹی پر مبنی ہیلتھ سنٹرز۔

**NYC Care کی لاگت کتنی ہے اور میں سائن اپ کیسے کروں؟**
آپ کے گھر کے سائز اور آمدنی کے لحاظ سے NYC Care کی صحت کی خدمات یا تو کم لاگت پر یا بغیر لاگت کے دستیاب ہیں۔ NYC Care کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے، 646-692-2273 پر کال کریں یا کسی بھی NYC H+H مقام پر مالیاتی مشیر سے ملنے کو کہیں۔ مزید معلومات کے لیے **www.nyccare.nyc** ملاحظہ کریں۔

## نیویارک کے ان باشندوں کے لیے ہنگامی نگہداشت جن کے پاس صحت بیمہ نہیں ہے

**میرے پاس صحت بیمہ نہیں ہے لیکن مجھے ہنگامی نگہداشت کی ضرورت ہے۔ میں اس کی ادائیگی کیسے کروں؟**
ہنگامی Medicaid (Emergency Medicaid) نیویارک کے ان کم آمدنی والے باشندوں کی جن کا دستاویزات میں ریکارڈ نہیں ہے یا عارضی تارکین وطن کی ہنگامی صورتحال کے دوران نگہداشت صحت کی خدمات کے لیے ادائیگی میں مدد کرتی ہے۔ نیویارک کے تارکین وطن باشندے جو ہنگامی Medicaid کے اہل ہیں وہ بھی NYC Care کے لیے اہل ہو سکتے ہیں تاکہ غیر ہنگامی خدمات، جیسے کہ دوائی اور اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی طرف وزٹس کی لاگت کو پورا کیا جا سکے۔

آپ کسی بھی وقت مستقبل کی ایمرجنسی کی صورت میں ہنگامی Medicaid کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ NYC H+H کے مقام پر جا رہے ہیں تو سائن اپ کرنے میں آپ کی مدد کے لیے مالیاتی مشیر کے لیے کہیں۔ آپ اپنی ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کرنے کی استطاعت سے قطع نظر NYC میں کسی بھی ہسپتال میں ہنگامی نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، 844-692-4692 یا **311** پر کال کریں۔

## ترک وطن کا نفاذ اور نگہداشت صحت تک رسائی

**میں ایک ایسا تارک وطن ہوں جس کا دستاویز میں ریکارڈ نہیں ہے۔ کیا میرا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مجھے وفاقی امیگریشن حکام، جیسے امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (Immigration and Customs Enforcement, ICE) کو رپورٹ کر سکتا ہے؟**
نگہداشت صحت فراہم کنندگان کو اپنے مریضوں کی ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر ان کی رازداری کی حفاظت کرنی چاہیے۔ ہسپتال اور کلینکس مریض کی منظوری کے بغیر مریض کی معلومات شیئر نہیں کرتے ہیں، سوائے اس کے کہ قانون کے مطابق ایسا کرنے کا تقاضا ہو (جو کہ شاذ و نادر ہی ہوتا ہے)۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ NYC H+H کے نگہداشت صحت فراہم کنندگان تارکین وطن کی رازداری کی حفاظت کیسے کرتے ہیں، **bit.ly/letter-immigrant-new-yorkers** ملاحظہ کریں۔

**اگر ICE افسران اس ہسپتال میں آتے ہیں جہاں میں نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کر رہا ہوں تو اس صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیے؟**
امیگریشن حکام ہسپتالوں اور دیگر طبی سہولیات میں نفاذ کی سرگرمیاں انجام نہیں دے سکتے ہیں، سوائے انتہائی غیر معمولی صورتوں کے۔ اگر آپ ہسپتال میں ICE افسران کو دیکھتے ہیں تو آپ کو ان سے بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر کوئی ICE افسر کسی نجی جگہ میں داخل ہونے کی کوشش کرتا ہے، جیسے کہ آپ کے ہسپتال کا کمرہ، تو آپ کو دروازہ بند رکھنے اور پوچھنے کا حق ہے کہ آیا ان کے پاس عدالتی وارنٹ ہے (عدالت کی جانب سے قانونی دستاویز جس پر جج کے دستخط ہوں)۔ مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/immigrants** پر جائیں اور **"know your rights"** (اپنے حقوق جانیں) تلاش کریں۔ اگر کوئی ICE افسر آپ کو یا کسی عزیز کو حراست میں رکھتا ہے تو آپ مفت اور محفوظ قانونی مدد حاصل کرنے کے لیے NYC کی ترک وطن سے متعلق قانونی خدمات کی ہاٹ لائن 800-354-0365 پر کال کر سکتے ہیں۔